తీసుకు వెళ్ళారు కొరియాలో అమెరికన్ సైన్యాలు, ఈరాన్‌లో బ్రిటిషు సైన్యాలను దింపారు అదేవిధంగా హైదరాబాదులో ప్రజాఉద్యమాన్ని అణచడానికి హైదరాబాదేతర సైన్యాలనుంచారు ఇదీ ఇంకా అరాచకానికి దారితీస్తోందేగాని శాంతిస్థాపనకు తోడ్పడుటలేదు ఈ హైదరాబాదేతర సైన్యాలు పోవాలి ఇక్కడ మీరు మేము కలసి నిజాముకు వ్యతిరేకంగా పోరాడాము స్వాతంత్ర్యము సంపాదించాము దీన్ని మీరు సంపూర్ణ స్వాతంత్ర్యమంటున్నారు కాని మేము కాదంటున్నాము ఈ విషయమై తర్జనభర్జన జరుగుతోంది ఇదీ మనమంతా కలసి పరిష్కారము చేసుకోవలసిన విషయం వరంగల్, నల్లగొండా జిల్లాలో ఏవిధంగా జరుగుతోంది మన గౌరవ సభ్యులు చెప్పారు ఒక విచారణ కమిటీ పర్యటనచేసి అక్కడి పరిస్థితుల నన్ని విచారించాలని చెప్పేరు ఆవిధంగా విచారించాలి అంతేగాని హైదరాబాదేతరులు— అనగా మద్రాసీలు, మలబారీల వచ్చి మన్నందరనుద్ధరిస్తారని అనుకోవడం వల్ల ప్రయోజనము లేదు కాంగ్రెసు పార్టీ ప్రభుత్వంవారు అవలంభిస్తున్న ప్రో ఇంపీరియలిస్ట్ పాలిసీ (Pro-Imperialist Policy)ని గురించి ప్రజలు అడుగుతున్నారు. ఎంతకాలమైతే ఈ బయటినుండి వచ్చిన రిక్రూటుమెంట్సును వెళ్ళగొట్టమో అంతవరకు దీన్ని ప్రో ఇంపీరియలిస్ట్ పాలిసీ (Pro-Imperialist Policy) ప్రోయింపేరియలిస్టు బడ్జెట్ (Pro-Imperialist Budget) అని చెప్పుటలో వెనుకంజ వేయటానికి నాకు ఆశ కనుపడుటలేదు ఇక్కడకు వచ్చినవారిలో మద్రాసీలు, మలబారీలు, సిక్కులు ఉన్నారు. ముఖ్యంగా మలబారీలు హైదరాబాదు ప్రజలు అంటే చాలా నీచంగా చూశారు చదువు కున్నవారిని పెద్దవారిని గౌరవంలేకుండా దుర్భాషలాడారు పోలీసు అంటే రక్షణకోసం అని చెపుతారు ప్రజల రక్షణకోసం పోలీసు ఏర్పాటు అవుతున్నదీ బయటివారిని తీసుకోవచ్చు కాని చదువు రానివారిని, బజారులలో తిరిగేవార్ని తీసుకు వచ్చి (H S P Badges) తగిలించారు వాళ్ళకి ఇక్కడి పరిస్థితులు తెలియవు మంచి తెలియదు చెడు తెలియదు వాళ్ళను ఇక్కడ ప్రజా ఉద్యమాన్ని అణచడానికి తీసుకవస్తే ఇక్కడ సమాజంలో ఎన్నో అగౌరవమైన పనులు చేశారు ప్రజలకు ఎంతో నష్టము చేశారు ఈ విషయాలన్ని మీరు మేము — ప్రజలు ఎన్నుకో బడ్డ ప్రతినిధులము కలసి కూర్చుని విచారించు కోవాలి

బయటివాళ్ళను రిక్రూటు చేయకూడదు హైదరాబాదులో ౧ కోటి ౮౦ లక్షలమంది అనాథా వున్నారు ఈ మధ్య మానికోటలో "పోలీసులో చేరేవారు రండర్రో" అని మాదిగ దండోరా వేశారు సామాన్యంగా చూస్తే ఇద్దరు ముగ్గురు తప్ప పోలేదు పోలీసులు ప్రజా రక్షణఅంటే ముందుకు వస్తారు కాని, అవమాన కరమైన, అగౌరవమైన, ప్రజావ్యతిరేకమైన పనులు చేయటానికి ఎవరు వస్తారు? అబద్ధాలాడడం, కొట్టడం, తిట్టటం ఇవన్నీ అవినీతికరమైన పనులు సబ్‌జైలులో పెడితే ౫, ౬ రోజులు కొట్టి, తిట్టి చివరకు విచారణ చేయకుండ విడిచిపెడతారు. ఈ పనులు అన్యాయంగా చేయడానికి ప్రజలు వప్పుకోరు ఈ రిక్రూటు మెంటులో బయటివాన్ని తీసుకు వచ్చిన, మనదేశంలో జరిగే మంచిగాని చెడుగాని వారికి తెలియదు హైదరాబాదులో అన్నిపక్షాలవారికి ఆత్మగౌరవం ఉండాలంటే ఈ బయటి రిక్రూటుమెంటు పాలసీని రద్దు పరచాలి

There is not much difference between the recruitment policy of the Police Department and the pro-Imperialist policy of the Hyderabad Congress Government.

హైదరాబాదీయులను రిక్రూటు చేయండి మీరు మేము కలసి ఇక్కడి పరిస్థితులను ఆలోచించుకోవాలి డెమాక్రెసీ పద్ధతి అని చెప్పి ఎలెక్షన్సులో వచ్చాము మన సమస్యలు మనమే పరిష్కరించు కోవాలి ఈ రిక్రూటుమెంటు పాలిసీని తీసివేస్తే ఇది నిజంగా పీపుల్సు బడ్జెటు అని చెప్పాలి ప్రజలకు వ్యతిరేకంగా ఉన్న ఈ రిక్రూటుమెంటు పాలిసీని రద్దు చేయకపోతే ఇది ప్రజల బడ్జెటు కాదు ప్రజాఉద్యమాన్ని అణచుటకు డబ్బు ఖర్చుపెట్టే బడ్జెటు అని స్పష్టంగా చెబుతాను

శ్రీమతి లక్ష్మీబాయిగారు (ధాన్సువాడ)

అధ్యక్ష మహాశయా,

ప్రొద్దుటినుంచి పోలీసుపాలిసీని గురించి గౌరవసభ్యులు చాలా మంది చెప్పారు. వారికి పోలీసు బడ్జెటును గురించి ఎందుకు భయము ? మన రాజ్యాన్ని చక్కగా ఏర్పరచే పద్ధతిని ఒకటి నిర్ణయించుకొన్నతరువాత—పోలీసు డిపార్టుమెంటుకూడా వుండాలి మంచి క్రమమైన పద్ధతులలో ప్రభుత్వాన్ని నడిపించాలి ఆడవారిమీద హృదయ విదారకమైన అత్యాచారములను గురించి కొందరు గౌరవసభ్యులు చెప్పారు ఇది బాగా విచారించవలసిన విషయము— స్త్రీ కన్నీరు కార్చేచదేశం సుఖంగా వుండదు— కాబట్టి గౌరవసభ్యులు చెప్పినది నిజమే అయినట్లయితే ఆ విషయాలను ఆలోచించి దానికి సంబంధించిన అధికారులకు శిక్ష యివ్వకపోతే మనం ఏమీ చేయలేము పోలీసు డిపార్టుమెంటువారు తగిన చర్య తీసుకోవాలని గట్టిగా హెచ్చరించు చున్నాను

మనం ప్రతి విషయానికి అది ఎందుకు, ఇది ఎందుకు అంటే ఎట్లాగుంటుంది ? అన్నింటిని ఒప్పుకుంటే బాగుండదు అని అంటే మంచిది కొన్ని విషయాలు గోరంతలు కొండంతలుచేసి చెప్పటానికి అవకాశాలు కలదు గాని కొన్ని మంచివిషయాలున్నాయి మేము ప్రజాసేవకులమని చెప్పుకొనేవాళ్ళు ప్రజాసేవకులు ఎట్లానో వాళ్ళ అభిప్రాయాలు ఎట్లాఉన్నాయో చూడండి ఇప్పుడధికారంలోఉన్న సర్కారువారు ప్రీ—ప్లాను (Pre-Plan) వేసి కమ్యూనిస్టులను అణచుటకన్ని ఎత్తులు వేసినారంటున్నారు కాని కమ్యూనిస్టులే మొదటినుండి ప్రీప్లానుతో వారి ఎత్తులు సాగించారు ఎలాగంటే, రజాకార్ల రోజుల్లో, ప్రజాసేవకులమని ప్రజలను రెచ్చగొట్టి రజాకార్లను ఎదిరించినారు ఎప్పుడైతే ఇండియా గవర్నమెంటువారు రజాకార్లను అణచుటకొరకు మిలిటరీని పంపినారో, అప్పుడు కమ్యూనిస్టులు రజాకారులతో కలసి, మిలిటరీని ఎదిరించినారు. ఇప్పుడు వీరు రజాకారులు ఏకమై ఇండియా గవర్నమెంటును పడగొట్టవలెనని చూస్తున్నారు వీరు ప్రజాసేవకులమని పదే పదే చెప్పుకుంటారు ఇది ఎంతవరకు నిజమో ప్రజలే నిర్ణయించవలెను జైలులో మేము జబ్బుగావుండి మందుకొరకు వెళ్ళినప్పుడుకూడా మాచేతులకు బేడీలు వేసారని అంటున్నారు ఎందుకువెయ్యరు ? గవర్నమెంటువారికి వీరిమీద నమ్మకంలేదు. వీరి గురువు డాక్టరు రాజబహాదూర్ గౌడ్ దవాఖానానుండి పలాయనమైనాడు జైళ్ళను గురించి ప్రభుత్వము కొన్ని రూల్సు చేసివున్నది ఆ రూల్సుప్రకారము అచ్చటి అధికారులు వ్యవహరిస్తూంటారు అంతేగాని హోంమినిష్టరుగారు అక్కడకుపోయి ఎప్పుడూ ఎట్లా కూర్చుంటారు ? అక్కడ కూర్చున్న ఆఫీసర్లే ఆ బాధ్యత అంతా చూసుకుంటారు. ఈ రూల్సు అన్నీ పాతప్రభుత్వమువారు పెట్టారని అంటున్నారు. కాని మనం పాతక్రొత్త కలుపుకు రావాలి.

జైళ్ళలో బాగా సౌకర్యాలు లేవని చెబుతున్నారు మీ గురువుగారైన రాజబహాదూర్ గౌడ్ మగ్దూం మొహియుద్దీన్ జైళ్ళు బాగున్నాయని చెబుతూంటే శిష్యులు కాదంటున్నారు ఎవరిమాట నమ్మవలెను ?

శ్రీ గుర్వారెడ్డి — ఆ స్టేటుమెంటు ఎక్కడవచ్చింది ?

శ్రీ వి బి రాజు — పత్రికలలో !

(Laughter)

శ్రీమతి లక్ష్మీబాయి —పోలీసు శాఖఅంటే వీరికి భయమెందుకు ? ఇప్పటి మన దేశపరిస్థితులను బట్టిచూస్తే మనకు ఇంకా కొన్నాళ్ళవరకు పోలీసుమీద డబ్బు ఖర్చుపెట్టుట అవసరం అందుచే గౌరవనీయ సభ్యులందరు పోలీసుశాఖకు నిర్ణయించిన డబ్బు (బడ్జెటు) వప్పుకొనవలెనని నా ప్రార్థన

* شریمتی شانتا بائی (مکتھل آتما کور - عام) مسٹر اسپیکر سر - پولیس بحث پر کٹ موشن کے سلسلہ میں میں بول رہی ھوں - میں اس سے ھٹ کر بھی کچھ بولنا چاہتی تھی مگر بدقسمتی سے مجھے پانچ ھی منٹ کا وقت ملا ھے - اس لئے اسی وقت میں تقریر ختم کرتی ھوں -

ایک چیز میں کہنا چاہتی ھوں - ہندی میں کویتا (कविता) کہتے ھیں - اردو میں شعر کہتے ھیں - انگریزی میں پوئٹری (Poetry) کہتے ھیں - میں نے بھی اس کٹ موشن پر ایک کویتا لکھی ھے - وہ آپکو سنانا چاہتی ھوں -

اے اپوزیشن میرے بھائی - واپس لیجئے اپنے کٹ موشن کو

پھر سے دیکھو اس بحث کے نکتہ نظر کو

چھائے ھوئے دل کے بادل - برستے ھیں اولوں سے

پھر سے غور کرو بحث پر ٹھنڈے دل سے

دونوں متفق ھوکے سدھارو اس سونتر دیش ( ) کو

منظور کرو اس فیناس منسٹر کے بجٹ کو

چمکتی ھے بجلی آسمان کی

چیف منسٹر ہمت سے چلائینگے حکومت کانگریس کی

تین دن سے جو بحث چل رہی ھے اسکو سنکر مجھے یہ قصہ یاد آتا ھے کہ بھسما سور نے پاربتی کو حاصل کرنے کی غرض سے شنکر جی کی بھکتی کی - جب شنکر جی نے ور ( ) پوچھا تو اس نے کہا کہ مجھے ایسا ور دیجئے کہ میں جسکے سر پر ہاتھ رکھوں وہ بھسم

* Confirmation not received

ہو جائے - شکر جی نے نتہا ستو (   ) کہتے ہی بھسمسور نے کہا اس ور کا پرسوگ (   ) پر تہم (   ) آپ کے اوپر کرونگا تب ڈر سے شکر جی کیلاس کے طرف بھاگنے لگے - بالکل ایسا ہی یہاں ہو رہا ہے - یہ حکومت آپ ہی لوگوں کی ہے - اس کو ٹھنڈے دل سے سوچنا چاہئے - حکومت کو اچھی طرح سے چلنے کا موقع دیا جانا چاہئے - ایسا ہو تو پھر پولیس کی کیا ضرورت ہے ؟ اگر ایسا وقت آجائے تو ہوم منسٹر خود کہتے ہیں کہ میں پولیس کو کم کردونگا - حیدرآباد میں عوام کا راج قائم ہونے کے بعد چیف منسٹر - ہوم منسٹر اور فینانس منسٹر کو یہ فکر ہوئی کہ ہر طرح کی بیماریوں کو یہاں سے دور کرنا چاہئے - بہت سی بیماریاں یہاں تھیں - ٹی - بی اور دوسری بیماریاں پیدا ہوگئی تھیں - فینانس منسٹر نے اس کا خیال کرکے ۲ لاکھ روپیہ کی منظوری دواؤں کے لئے دی - اس ایوان میں ہم جنتا کی بھلائی کے لئے آئے ہیں - ہمکو چاہئے کہ اختلافات میں نہ پڑیں - کسی کام کو کرنے کے لئے کچھ دیر ہوتی ہے - میں مانتی ہوں کہ دیر ہوتی ہے - مگر یہاں کی حالت تو یہ ہے کہ لڑکی اپنی ماتا سے کہتی ہے کہ کل میں گھی کھائی تھی آج موٹی کیوں نہیں ہوئی - ہندوستان کو آزادی ملکر ساڑھے تین دن ہوئے ہیں - اگر یہ کہا جائے کہ دو چار روز میں سب حالت درست ہو جائے تو غور کرنا چاہئے کہ یہ کس طرح ممکن ہو سکتا ہے ؟ میں امید کرتی ہوں کہ میرے اپوزیشن بھائی اس پر غور کرکے اپنے کٹ موشن کو واپس لیںگے - اتنا کہنے کے بعد میں اپنا کٹ موشن واپس لیتی ہوں -

ایک آنریبل ممبر - آنریبل ممبر کا کوئی کٹ موشن نہیں ہے - (Laughter)

శ్రీమతి ఆరుట్ల కమలాదేవి—(ఆలేరు)

అధ్యక్ష మహాశయా,

ఈ పోలీసు బడ్జెటుపై ఉభయ పక్షాలనుండి చర్చలు జరిగిన తరువాత కొందరు సోదరీ మణులు గూడ గ్రామాలలోని పరిస్థితులను తెలుసుకోకుండా, పత్రికలలోని వార్తల మీద ఆధార పడి మాట్లాడుతున్నారు అవిఅన్నీ అబద్ధాలు గ్రామాల్లో మంచికోరకే పోలీసులున్నారని, ఈ పోలీసు బడ్జెటును వప్పుకోవాలని వారు చెప్పుతున్నారు క్రిందటి మే ౩౧వ తేదీన దేవర కొండలో దేశముఖులు, కాంగ్రెసువారు కలిసి సమావేశముచేసి హోంగార్డ్సును తయారు చేశారు. కమ్యూనిస్టులు ౮ మాసాల క్రితం సాయుధ పోరాటాన్ని ఆపివేసినా పోలీసులను గ్రామాల్లోనే ఉంచుతున్నారు ఈ పోలీసులుగాక ఇప్పుడు హోంగార్డ్సును కూడా తయారు చేశారు. వీరు, రాత్రులందు "కమ్యూనిస్టు పార్టీకి జై" అంటూ నినాదాలు చేస్తూ గ్రామాల్లో తిరుగుతూ సామాన్లు కూడా దోచుకు పోతున్నారు రామన్నపేట తాలూకా గ్రామాలల్లో జరిగినది ఉదయము రిపోర్టుచేయగా ఇంతవరకు జైలుకు పెళ్ళివచ్చిన వారిని కొట్టడము జరుగు చున్నది. సి. ఐ డీ. లు గూడా కమ్యూనిస్టులమని చెప్పి గ్రామాలకువచ్చి అన్నాలు పెట్టమని అడుగు తున్నారు తెల్లవారి, వారేవచ్చి రాత్రి కమ్యూనిస్టులకు అన్నము పెట్టారని ప్రజలను కొట్టడము జరుగుచున్నది—వారే కమ్యూనిస్టులనే పేరుతో గ్రామాల వెంబడి తిరుగుతూ అల్లరులుచేస్తూ ఇదంతా కమ్యూనిస్టులే చేస్తున్నారని చెబుతున్నారు అల్లరులు జరిగిన ౮ నెలల తరువాత ఎక్కడో హత్య జరిగినదని, పోయామని చెబుతారు పోలీసులు ప్రజలకు వ్యతిరేకంగ

ఏమిచేశారు ? అని ఒక సోదరీమణి అంటున్నారు నేను తిరుమలగిరిలో జరిగిన సంఘటన తెలుసు కొనుటకు వెళ్ళిన సందర్భంలో అరెస్టు అయ్యాను అక్కడి ప్రజలను గాల్ రెడ్డి అనే సబ్ఇన్సుపెక్టరు ఒక మైలుదూరం మోకాళ్ళపైన, మోచేతులపైన నడిపించారు

కమ్యూనిస్టు పార్టీమీద నిషేధం తొలగిన సమయమందు వీర్లపాలెం గ్రామంలో రైతుసంఘ ఆఫీసుమీద చేతిగుర్తుగల జండావుంటే ఆ జండాను తగులబెట్టి, ఆఫీసును దోచారు దీన్ని పెత్తనదారులు, పోలీసు అధికారులు దృష్టికి తెచ్చినను ఏమీచర్య తీసుకోలేదు పోలీసు చర్య అనంతరము ఈ మూడున్నర సంవత్సరముల కాలంలో ఈ ప్రభుత్వంలో స్త్రీలకు ఏవిధంగా మర్యాద జరిగినదీ అందరికీ తెలుసు రజాకార్లు ఎన్ని ఘోరాలు చేసినను స్త్రీలపై చేయివేయుటకు భయపడేవారు కాని రామరాజ్యం అనుకొనే ఈ రోజుల్లోకూడా స్త్రీలపై ఎన్నో అత్యాచారాలు జరుగుతున్నాయి మిర్యాల నగరం, హుజూరు నగరు తాలూకాల్లో స్త్రీలమానాలకు ఇప్పటికీ రక్షణ లేదు నావద్ద ఎన్నియో ఉదాహరణలు కలవు వట్టిగా ఖమ్మంపాడు (సూర్యాపేట తాలూకా) లో హోంగార్డు కాల్పులు కాల్చారు ౧౨ మందికి దెబ్బలు తగిలాయి, నలుగురు హాస్పిటల్లో ఉన్నారు వాళ్ళు కమ్యూనిస్టులలో తిరుగుతున్నారు కాబట్టి కాల్పులు కాల్చామని చెబుతున్నారు. భువనగిరి తాలూకా జూలూరు, పాచంపల్లి గ్రామాలందు లక్ష్మారెడ్డికి ౧౫౦౦ ఎకరాల భూమి ఉన్నది అతను భూములనుండి కౌలుదార్లను తొలగించు సందర్భంలో, సోమలింగం భూముల నుండి తొలగవద్దని రైతులకు చెప్పాడు ఖానూనుకు వ్యతిరేకముగా అతను వెళ్ళలేదు ఇదీచూచి పెత్తనదారైన లక్ష్మారెడ్డి వచ్చి కాంగ్రెసువారికి చెప్పగనే అతనిని అరెస్టు చేయుమని పోలీసులను పంపారు అరెస్టుకూడా చేశారు ఏ గౌరవనీయులైన సభ్యులు సోమలింగం డి ఎస్ పి పేరుపెట్టుకొని తిరుగుతున్న సందర్భములో పట్టుకొనినామని చెప్పారో అది నిజంకాదు, ఇప్పుడైన ఆ గ్రామానికి మన యిరువురము వెళ్ళి విచారణ చేతాం ౧౦౦కి ౯౯ మంది ప్రజలు—ఏదీ చెప్పెదరో విందాం పోలీసులు మంచిపని చేస్తున్నారని చెప్పుటకు వీలులేదు —పెద్ద పెద్ద భూస్వాములకు పోలీసులు సహాయం చేయడంవల్ల రైతులకు చాలా అన్యాయం కలుగుతోంది భూమి దున్నే కౌలుదార్లను తొలగించి పెత్తందార్లకు భూమిని ఇప్పిస్తున్నారు—మేము లేనప్పుడు మీరువెళ్ళి ప్రజలను విచారించండి అంతేగాని ప్రజలను మభ్యపరచుటకు పోలీసులను ప్రజల మంచికోసమే ఉంచుతున్నామని చెప్పవద్దు వందలాదిప్రజలు పగలల్లా కష్టపడి పనిచేసివస్తే ఈ అల్లరులవల్ల రాత్రులందు నిద్రకూడా లేకుండా పోతోంది—కమ్యూనిస్టులపేరుతో అశాంతి కలుగజేస్తున్న పోలీసుకు ఖర్చు పెడుతున్న ఈ బడ్జెటుప్రజలకేమీ ఉపయోగ పడడంలేదు—కాబట్టి ఈ పోలీసు బడ్జెటును తగ్గించాలని నేను కోరుతున్నాను

شری سری نواس راؤ اکھیلیکر (ہمناآباد - عام) - مسٹر اسپیکر سر - +ٹ سے لوگوں کی جانب سے یہ کہا گیا ہے کہ ۴۸ء میں پولیس کا بجٹ ۲۰۳ لاکھ تھا اور اس میں دیگر علاقوں کے لوگوں کو بلانے کی وجہ سے اضافہ ہوا ہے - یہ کہا جاتا ہے کہ ملٹری اور فوج رہنے کے باوجود کانسٹبلوں کی تعداد میں دوبارہ اضافہ ہوا ہے - اسلئے یہ بجٹ پولس بجٹ ہے - لیکن حقیقت میں پولیس پر خرچ بمبئی - مدراس - مدھیہ پردیش سے کم ہے - اپوزیشن سچس کے ایک دوست نے کہا کہ پبلک بجٹ آنے کے بعد اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی - گزشتہ سال ۲ کروڑ ۴۷ لاکھ کا بجٹ تھا - اب ۴۳۰ لاکھ کا بجٹ ہے - کیا یہ کوئی تبدیلی نہیں ہے ؟ سنہ ۴۸ء میں ۵ ہزار ڈیٹینیوز (Detenus) تھے - گزشتہ سال ۱۰ سو ڈیٹینیوز تھے اور اب ۲۹۳ ڈیٹینیوز ہیں - لیکن ہمارے دوست

اسکو کوئی تبدیلی نہیں سمجھے - میں نہیں سمجھتا وہ کس قسم کی تبدیلی چاہتے ھیں - وہ یہ کہتے ھیں کہ اب اس گورنمنٹ کو آکر چار ماہ ھوئے ھیں لیکن حالات میں تبدیلی نہیں ھوئی - میں یہ کہونگا کہ جب ایک کانسٹبل کی جگہ دوسرے کانسٹبل کو ریپلیس (Replace) کرنے کی ضرورت ھوتی ھے تو اوس کانسٹبل کو چھ ماہ ٹریننگ دینی پڑتی ھے - جب ایک کانسٹبل کو ریپلیس کرنے میں اتنا عرصہ درکار ھوتا ھو تو پھر گورنمنٹ کے معاملات میں تبدیلی میں کتنا عرصہ درکار نہ ھوگا ؟ پھر بھی میں کہتا ھوں کہ ھماری گورنمنٹ کو آئے ھوئے چار ھی ماہ ھوئے ھیں لیکن اوس نے پولیس بجٹ میں ایک سال میں ایک کروڑ کی کمی کردی ھے - آخر ھمارے دوست کیسی تبدیلی چاھتے ھیں - ھمارے لائق دوست پارلیمنٹری افیرس (Parliamentary Affairs) میں کوآپریٹ (Cooperate) کرنیکا ذکر کرتے ھیں لیکن میرے پاس رپورٹس موجود ھیں اور تاریخ واری ریکارڈ موجود ھے - اگر میرے دوست معلوم کرنا چاھیں تو میں بتلاسکتا ھوں کہ آرمڈ لوگوں نے کمیونسٹوں کے نام پر کتنے ڈکیتی اور مار پیٹ کے واقعات کئے اور میں اس چیز کو ثابت کرنے کے لئے تیار ھوں - ایک طرف تو کوآپریشن کی باتیں کہی جاتی ھیں اور دوسری طرف تشددانہ واقعات کئے جاتے ھیں - پھر یہ کہا جاتا ھے کہ اتنی آرمڈ فورسس کی کیا ضرورت ھے - وھاں لوگ عام طور پر ھتیار لیکر اور رائفل لیکر پھر رھے ھیں تو ایسی صورت میں کس طرح کہا جاسکتا ھے کہ آپ کی پالیسی میں تبدیلی ھوئی ھے ؟ لیکن ھم نے بجٹ میں بڑی حد تک تبدیلی کی ھے اور حالات کے ساتھ ساتھ اس میں اور بھی تبدیلی ھوگی - یہ آنریبل چیف منسٹر نے کہا ھے - اپوزیشن بنچس کی جانب سے ھمارے ایک دوست تقریر کررھے تھے انہوں نے پرسوں کے واقعات کہے ھیں کہ فوج اور ملٹری نے تشدد کیا ھے - حالانکہ تشدد کمیونسٹوں کی طرف سے ھورھا ھے - میں اس سلسلہ میں اخبار کی کٹنگ پڑھکر سنانا چاھتا ھوں وہ یہ ھے :-

"It is stated that Mr. Somalingam was arrested while he was distributing lands procured illegally He is alleged to have challenged the authority of the Tahsildar appointed by the Government, Mr J. Ramchander Reddy, and attempted to usurp the Tahsildar's private landed property The other arrested persons acted in the capacity of the Deputy Superintendent of Police and went about ordering the people to obey the laws of the 'parrallel administration'.

Authoritative sources reveal that the 'parallel administration' is well manned with executive and administrative officials The administration also has Ministers, Revenue and Police Officials and in certain parts of Telangana their sway is in full swing.

Needless to add terror and panic have increased in these areas"

میں اس سلسلہ میں یہ بتانا چاھتا ھوں......

شری گروا ریڈی - میں چیف منسٹر سے یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ وہ اس سلسلہ میں انکوائری (Enquiry) کریں تو صحیح واقعات معلوم ھونگے - میں یہ چیالنج (Challenge) کرتا ھوں -

مسٹر اسپیکر - وہ تو اخباری اسٹیٹ منٹ ھے -

شری سریواس راؤ کھیلیکر - میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہماری کانگریس کے ایک
ممبر شری گوپال راؤ پرسوں وہاں گئے تھے - ان کے سامنے یہ واقعہ ہوا اور وہ لوگ
ارسٹ ہوئے ہیں - اسلئے میں اتھارٹی (Authority) کے طور پر کہہ سکتا ہوں کہ یہ
خیال صحیح نہیں ہے - ہمیں ایک طرف تو ایسی رپورٹیں ملتی ہیں اور دوسری طرف
بجٹ میں کمی کرنے کو کہا جاتا ہے- یہ صحیح بات نہیں ہے - میں آخر میں اتنا کہہ کر اپنی
تقریر ختم کرتا ہوں کہ ماچرڈ پلی میں جہاں کمیونسٹ ایکٹوٹیز (Communist Activities)
شروع ہوئی ہیں وہاں پر پولیس فورس رکھی گئی تھی - جب اوسکو واپس کیا جانے لگا
تو وہاں کی رعایا نے درخواست دی کہ ابھی کمیونسٹ ایکٹویٹیز جاری ہیں اگر اس
فورس کو واپس لے لیںگے تو ہماری جان خطرہ میں رہیگی - اس لئے اسے واپس مت بلایا جائے-
اب ایسے حالات میں پولیس بجٹ میں کمی کے متعلق کہنا صحیح نہیں - میں آپ کو
وشواس دلاتا ہوں کہ آئندہ سال جب نارمل (Normal) حالات رسٹور
(Restore) ہوجائینگے اسوقت آپکا یہ مطالبہ قابل قبول ہوسکتا ہے -

श्रीमति राजमनी देवी ( ) अध्यक्ष महोदय, पार्टी फीलिंग कोअी अैसी चीज नही है जिस से जनता को फायदा हो । बजेट अेक अैसी चीज ह् जिस से स्टेट के आम जनता को फायदा पहूचे । बजेट पर परदा डालने के लिये ये बाते कही जा रही है। लेकिन हम देख रहे है कि जनता के लिये अिसमें खर्च की अैसी चीजे नही है जिनकी वजहसे जनता को फायदा और शाति हासिल हो, बल्कि जनताका रुपया दूसरे कामो मे लगाया गया है। बजेट अेक देश का आर्थिक नकशा है, जो देश को बिगाडता और बनाता है । अिस लिये हम को चाहिये कि बजेट को मजूर करते वक्त पार्टीबाजी को अलाहिदा रखकर देश की और आम जनता की आर्थिक हालत को दुरुस्त करने के लिये हम सब मिलकर बजेट को मजूर करे और ठीक तोर पर खर्च व निगरानी करनेका खियाल रखें।

हमारे अेक ऑनरेबल मेम्बर ने कहा कि गाव में हत्यायें नही हो रही है। लेकिन मै कहुगी कि पोलीस के लोग जनना को सता रहे है । और हिदुस्तान की महिलाओ पर अत्याचार हो रहा है । अैसी सूरत में हम सबका फर्ज है कि जहा हमारी महिलाओ के आसू टपके वहा हमारा खून टपकाया जाय। मै अगर पोलीस के मजालिम की पोथी खोलना चाहु तो बहुत कुछ खोल सकती हु। राजा पेठ में अेक जगह हमारी औरतो को अुलटा लटका दिया गया जिससे अुनके हाथो का चमडा निकल गया था। अिसी प्रकार ऑनरेबल् मेम्बर श्रीमति कमला देवी के गाव कुलप्नाक मे लोगो की बेअिज्जती हो रहीथी और अुनपर जुल्म हो रहा था । जब हम को मालुम हुआ तो हमने अेक बजे रात को जा कर अुन्हे छुडाया। हमारे ऑनरेबल् ट्रेजरी मेम्बर्स कहते है कि हम पर विश्वास किया जाय। मै कहती हू अैसे हालात मे कैसे विश्वास किया जा सकता है? पहले हमारी हुकूमत् अधी होगअी थी। लेकिन अब अैसा नही होना चाहिये। क्यो कि अब प्रजाराज है। अिसलिये मै कहती हू कि पोलीस बजेट में कमी करके गाव सुधार के लिये वह पैसा काम मे लाया जाय तो बेहतर होगा। अिस से हुकूमत का भी नाम होगा और गाववालो का भी फायदा होगा। हमारे अर्थ मत्री ने भी कहा था कि पोलीस बजेट में कमी करदी जायेगी। लेकिन यह पहले ७ करोड का बजेट था। अब तकरिबन् ५ करोड का जो बजेट रखा गया है वह क्या है? मै अिन से प्रार्थना करती हू कि यह कम कर दिया जाय। और यह जो हमारी औरतों पर अत्याचार हो रहा है अुसको बद करने की कोशिश की जाय। मौजुदा बजेट में रदोबदल किया जाय तो जनता को फायदा हो सकता है।

شریمتی آرتلا کملا دیوی (آلیر) - تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی -

شری مادھو راؤ گھو نسیکر (اودگیر) ہمارے حیدرآباد کے آنے والے بجٹ پر چرچائیں ہو رہی ہیں - میں نے انہیں غور سے سنا - اس میں ایک بات میں نے پائی - لوگوں کا مطالبہ ہے کہ اس میں بعض رقمیں کم کی جائیں اور پولیس بجٹ کو کم کردیا جائے - لیکن میں کہنا چاہتا ہوں کہ کسی بھی ریسپانسبل گورنمنٹ (Responsible Government) کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ سب سے پہلے اپنے دیش میں شانتی قائم کرے - آپ کہتے ہیں پولیس بجٹ میں کمی کی جائے - اور اس کے لئے کٹ موشنس لائے جا رہے ہیں - میں سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ایسا کس بنا پر کہا جا رہا ہے جبکہ دیش میں ڈکیتیاں جاری ہیں اور قتل کے واقعات ہو رہے ہیں - ایسی صورت میں پولیس بجٹ کے رقومات میں کس طرح کمی کی جاسکتی ہے ؟ اخباروں سے اور گورنمنٹ کی رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ دیش میں بد نظمی موجود ہے - ایسے وقت جبکہ ہمارا امن خطرہ میں ہو کیسے پولیس بجٹ میں کمی کی جاسکتی ہے ؟ میں کہتا ہوں کہ جب تک ملک میں شانتی نہ ہوگی ، جبتک چوریاں ختم نہ ہونگی ، جبتک شانتی سے ہر شخص اپنے گھر کے دروازے کھلے چھوڑ کر آرام سے نہیں سوسکیگا اس وقت تک پولیس میں کمی نہیں کی جاسکتی - میں تو یہ کہونگا کہ آج ہر مکان پر پولیس رکھنے کی ضرورت ہے - کوئی شخص امن سے کاروبار نہیں کرسکتا - لوگوں کی جان خطرہ میں ہے - ہماری حفاظت کی ساری ذمہ داری گورنمنٹ پر ہے - کسی بھی ریسپانسبل گورنمنٹ پر اسکی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ دیش میں شانتی قائم رکھے - بجٹ کے اندر کمی کا مطالبہ کیا جا رہا ہے لیکن دیش میں امن و شانتی قائم کرنیکا کام نہیں کیا جارہا ہے - میں یہ کہونگا کہ بیشک ایک ریسپانسبل گورنمنٹ کے بجٹ میں ان رقومات کی حد تک کمی ہونی چاہئیے - اتنا ہی نہیں بلکہ پولس بجٹ کی ضرورت ہی نہیں - مگر حالات ایسے ہیں کہ کمی مناسب نہیں - البتہ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ بجٹ میں جو ۰ لاکھ روپیے جاگیرات اور مناصب کے معاوضہ کے لئے رکھے گئے ہیں وہ ایک عوامی حکومت کے بجٹ پر ایک کالا دھبہ ہے - ان رقومات کو نکال کر پبلک کے کاموں میں صرف کیا جاسکتا ہے - میں ایک سیول سرجن کا قصہ سناتا ہوں کہ وہ جب انگلینڈ کو ٹریننگ کے لئے گئے تو وہاں ایک مسافر ہوٹل میں ٹھیرا تھا - اسکو وہاں ایک مچھر دان میں ایک مچھر نے کاٹا - انہوں نے وہاں کے ہلتھ منسٹر اور ہلتھ ڈپارٹمنٹ کو شکایت کردی - فوراً پورا ہلتھ ڈپارٹمنٹ وہاں آیا اور اس مچھر کو پکڑلیا - یہ ہے ذمہ دارانہ حکومت کا نظریہ - میرے دوست بجٹ کے اندر کمی کروانا چاہتے ہیں حالانکہ جنتا کو اتنی تکلیفیں ہو رہی ہیں ایسی صورت میں جبکہ روزانہ قتل کے واقعات ہو رہے ہیں پولیس بجٹ میں کمی کرنا مناسب نہیں بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ اس بجٹ کو بڑھایا جائے تا کہ لوگوں کی زیادہ حفاظت ہوسکے -

مسٹر اسپیکر - میں نے ۰ بجے کا وقت آنریبل منسٹر کے لئے مقرر کیا تھا - اب یہ وقت بھی گذر کر ساڑھے پانچ ہوگئے ہیں - اسلئے میں انہیں موقع دیتا ہوں -

شری دگمبر راؤ بندو - مسٹر اسپیکر سر - اس بجٹ کو پہلے ہی سے ذمہ دارانہ بجٹ اور پولیس بجٹ کے نام سے موسوم کیا گیا تھا - اس کا ایک جزو تو کل ختم ہوا تھا اور دوسرا

خرچ آج کےلئے ہے - پولس بجٹ کے سلسلے میں دو طریقوں سے بحثیں کی گئیں - ایک بـ
بحث کی گئی ہے کہ اس میں کافی اکانمی (Economy) کرنے کی ضرورت ہے اور
دوسرے پالیسی کے بارے میں کئی واقعات بتائے گئے ہیں - میں پہلی چیز کے بارے میں
کچھ عرض کرونگا - ہمارا موجودہ بجٹ جس طرح کا ہے اس کی جانچ دو طریقوں سے کی جاتی ہے
ایک اس طرح سے کہ پہلے حیدرآباد میں اس کےلئے کیا بجٹ تھا - اور دوسرے اس طریقہ
پر کہ فلاں پراونس (Province) میں پوری آمدنی کا ۱۵ یا ۱۶ پرسنٹ (Percent) پولیس
پر خرچ ہوتا ہے - اس لحاظ سے یہ دیکھا جاتا ہے کہ ہمارا موازنہ ٹھیک ہے یا نہیں - پہلے
طریقے کے بارے میں میں ہاؤس سے یہ کہونگا کہ اگر ہم اپنے سامنے اہم واقعات کو بھی رکھیں
تو معلوم ہوگا کہ اس زمانہ کے فگرس (Figurer) موجودہ حالات کےلئے معیار
نہیں ہوسکتے - اس میں شک نہیں کہ پہلے ۶۶ لاکھ پولس کا بجٹ تھا - لیکن اتنا ہی
ملٹری کے لئے بھی تھا - ملٹری کو عام طور پر لا اینڈ آرڈر کےلئے بھی استعمال کیاجاتا
تھا - یہ چیز خود گور والا کمیٹی کی رپورٹ میں بھی موجود ہے - آپ کو پتہ چلیگا کہ
آرمڈ فورسز اور پولس پر اسطرح ایک کروڑ یاسوا کروڑ روپیہ خرچ ہوتا تھا - ساتھ ہی
ساتھ آپ کو یہ بھی ملحوظ رکھنا چاہئے کہ اوس زمانہ میں جرائموں پر پہرہ دینےکےلئے
عام طور پر ان لوگوں کو رکھا جاتا تھا جو عربستان سے یہاں لائے گئے تھے - ایسے تقریباً
۵ ہزار لوگ موجود تھے - اس بجٹ میں انکی تنخواہیں شامل نہیں ہیں - انکے علاوہ
پائیگاہ سمستان اور جاگیرات میں بھی پولیس وغیرہ کا الگ الگ انتظام تھا - اس طرح
اگر آپ غور کریں تو معلوم ہوگا کہ پولس کےلئے جو ۶۶ لاکھ کا صرفہ بتایا گیا ہے وہ
ایک جزو تھا ان تمام اخراجات کا جو لا اینڈ آرڈر کےلئے یہاں ہوتے تھے - جاگیرات ختم
ہونے کے بعد ان کا انتظام بھی پولیس کے ہاتھ میں آگیا جس سے آپ کو یہ ماننا پڑیگا کہ
کم از کم ایک تہائی اضافہ ضروری ہوا - دوسری چیز میں آپ کے سامنے یہ رکھنا چاہتا
ہوں کہ اس زمانہ میں ہر پولیس کانسٹبل کو ۱۰ روپیے یا ۱۷ روپیے سے زیادہ تنخواہ نہ
تھی - آج گرانی الونس اور دوسرے مدات ملا کر تقریباً ۵۵ سے ۷۵ روپیے فی کانسٹبل
دئے جاتے ہیں - اس طرح اخراجات میں یہ تین گنا اضافہ ہوا - تعداد میں بھی
اضافہ ہوا - حالات کے لحاظ سے تعداد بھی بڑھتی گئی - ہم دیکھتے ہیں کہ اب تقریباً
دوگنی پولیس ہے - ایسی صورت میں محض چند افسروں کے کم کرنے سے یا تعداد کم
کرنے سے اخراجات کم ہونے والے نہیں - ہم خود یہ محسوس کرتے ہیں کہ پولیس فورس
میں کمی کی ضرورت ہے - مگر گورنمنٹ کےلئے یہ نہ صرف بہت دشوار ہے بلکہ ناممکن ہے -
اس سے بیروزگاری کا مسئلہ بھی بڑے پیمانے پر پیدا ہو جائیگا - لیڈر آف دی اپوزیشن
نے کہا کہ پولیس فورس ۴۲ ہزار ہونی چاہئے - اس کا مقصد یہ ہے کہ ۱۰ ہزار لوگوں
کو کم کیا جائے - اگر ہر فیاملی (Family) میں ۵ آدمی ہی فرض کئے جائیں
تو ظاہر ہے کہ ۷۵ ہزار آدمیوں کی روزی کا سوال پیدا ہوگا ......

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - اس میں سے ۱ ہزار جو باہر کے ہیں وہ تو
اپنے اپنے مقامات پر واپس چلے جائیگے -

شری دگمبر راؤ بندو - کہیں کے بھی ہوں بہر حال وہ ہندوستان ہی کے تو ہیں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - وہاں کے لوگ انکے روزگار کی ذمہ داری لے لینگے -

شری دگمبر راؤ بندو - مگر انہیں بیروزگار کو دینے پر وہ اپوزیشن کے لیڈرس کی قیادت میں " زندہ باد مردہ باد " کے نعرے لگاتے ہوئے نکلینگے اور ایک ہنگامہ برپا کردینگے - میں مانتا ہوں کہ ری آرگنائیزیشن (Reorganisation) کی ضرورت ہے - ہر سال حالات کے لحاظ سے پولس کو گھٹانے کی ضرورت ہے - لیکن یہ دیکھنا ہے کہ آفیسرس کتنے رکھے جائیں ؟ انکی آمد و رفت کے اخراجات کتنے ہوں اور کسطرح کے ہوں ؟ یہ پورے مسائل ایسے ہیں کہ ان پر غور کرنا چاہئے اور یہ مسئلہ ہمارے سامنے ہے - میں یہ بھی جانتا ہوں کہ پولیس کے اخراجات میں جو کمی ہو گی وہ دوسرے کنسٹرکٹیو (Constructive) اور پراڈکٹیو (Productive) کاموں میں صرف کیجاسکتی ہے - لیکن یہ چیز ایسی ہے کہ اسکو یک لخت ختم نہیں کیا جاسکتا - ہم حالات اور آلٹرنیٹیو (Alternative) کا جائزہ لیکر ۵ ہزار آدمیوں کی کمی کرینگے - ہم نے اب تک کچھ لوگوں کی کمی کی ہے اور کر رہے ہیں - ایک چیز یہ بھی ہے کہ ہمارے پاس ایچ - یس - آر - پی بٹالین آٹھ ہزار آرمڈ فورس کی ہے - آپکو یہ معلوم ہوگا کہ انڈین یونین کی یہ پالیسی رہی ہے کہ انٹرنل آرڈر (Internal Order) کو قائم رکھنے کیلئے انڈین آرمڈ فورس سے کام نہیں لے سکتے اور ہم کو بھی اسی پالیسی پر کام کرنا پڑیگا - کیونکہ اندرونی طور پر کوئی گڑبڑ ہو تو بمبئی یا یو - پی سے امداد نہیں لے سکتے - اگر کسی پراونس کو خود مکتفی بنا ہے تو اسکو ایک آرمڈ فورس رکھنا ضروری ہوگا - پھر بھی ہم اس پر غور کر رہے ہیں کہ ہم کو انکی کسی ضرورت ہے اور کتنی کمی ہوسکتی ہے - اسکا تصفیہ ہم اکٹوبر یا نومبر تک کرینگے کہ اس تعداد کو نصف تک گھٹایا جاسکتا ہے یا نہیں -

لنگال سٹلمنٹ پر بھی کچھ پولیس فورس رکھی گئی ہے - وہ بھی گذشتہ زمانہ سے ہے - اب چونکہ حالیہ تصفیہ کے لحاظ سے کسی قسم کے کریمنلس کو بھی ہیبیچول کریمنلس (Habitual Criminals) نہیں ماناجاتا اسلئے انکو کس طرح الگ رکھا جائے اور انکی نگرانی کسطرح کیجائے اسکے بارے میں مسودہ تیار ہو رہا ہے - وہاں پر جو اخراجات ہوئے اور جو آدمی رکھے گئے تھے وہ ان لوگوں پر نگرانی رکھنے کے سلسلہ میں رکھے گئے تھے - وہاں کمی کیجارہی ہے - ہم نے وہاں صرف ایک پولیس تھانہ رکھا ہے جسمیں ایک سب انسپکٹر اور چند جوان رہینگے -

اسکے بعد میں پولیس ٹرانسپورٹ کے بارے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس کا بھی انتظام ٹھیک نہیں تھا - اسلئے ایک آفیسر کا جو موٹروں کے بارے میں معلومات رکھتا ہے حال ہی میں پبلک سرویس کمیشن نے انٹرویو کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کا تقرر ہوجائیگا - ہر ضلع میں حالات کے لحاظ سے کسی گاڑیاں رکھنا ضروری ہے اس پر

بھی غور ہورہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ کم از کم ۳ - ۴ لاکھ کی کمی ہم کرسکینگے - یہ میرا اندازہ ہے -

سی - آئی - ڈی - کے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سی - آئی - ڈی میں اخراجات بڑھانے کی ضرورت ہوگی - خاص کر انٹی کرپشن برانچ میں - ہمیں چند ایسے افسروں کی ضرورت ہوگی جنکا بالراست تعلق ہوم منسٹری سے رہیگا اور وہ انٹی کرپشن برانچ میں کام کرینگے جیسا کہ بمبئی میں ہو رہا ہے - ہمارے پاس جو برانچ ہے اسنے ۱۵۰ سے زائد کرپشن کیسس (Corruption Cases) کے متعلق رپورٹ پیش کی - ان میں سے کچھ کیسس کے بارے میں تحقیقات ہوئی ہیں اور کچھ کیسس ٹرابیونل (Tribunal) یا گورنمنٹ کے سامنے پیش ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس برانچ کو وسعت دینے کی ضرورت ہے تاکہ کرپشن کو ختم کیا جاسکے ....

شری گو پی ڈی گنگا ریڈی - پوائنٹ آف انفرمیشن (Point of Information) اکثر لوگ اسمبلی ہال میں سوتے ہوئے نظر آتے ہیں - کیا یہ سوسکتے ہیں ؟

مسٹر اسپیکر - سو تو سکتے ہیں لیکن کام کو ڈسٹرب (Disturb) نہیں کرسکتے -

شری دگمبر راؤ بندو - آخری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ پولیس کی تنخواہ کے بارے میں ہے - ایک کارخانہ کے مزدور اور پولیس کانسٹبل میں کیا فرق ہے؟ انکو ہاؤزنگ فیسیلیٹیز (Housing Facilities) دینے اور آسائشیں پہنچانے کی ضرورت ہے - بالخصوص محض اس خیال سے کہ پولیس سے ایک مرتبہ ٹکر ہوئی تھی اسلئے پولیس میں کافی کمی کرنا چاہیئے وغیرہ تو میں صرف اتنا کہونگا کہ اس طرح کا جذبہ درست نہیں ہے - جب کوئی بچہ دیوار سے ٹکراتا ہے تو غصہ میں آکر اسکو مارتا ہے - ٹھیک اسی طرح پولیس پر غصہ اتارنا نامناسب ہوگا -

جو لوگ باہر سے آئے ہیں ان میں بالتخصیص بمبئی یا مدراس بہت سے اچھے لوگ بھی ہمارے پاس آئے ہیں اور انہوں نے جو کام کیا ہے ہم کو یہ سمجھنا چاہئے کہ ہماری دقتوں کے وقت انہوں نے ہماری امداد کی - ہمیں انکا شکریہ ادا کرنا چاہئیے - محض لوکل ہیں یا باہر کے اس سنٹیمنٹ (Sentiment) کو نکال دینا چاہئے - اور اس سنٹیمنٹ میں نہ بہتے ہوئے ہمارا ڈھانچہ کسطرح اچھا ہوسکتا ہے اور کسے ایفیشینٹ (Efficient) ہوسکتا ہے اس بات پر غور کرنا چاہئے - ہم مجبور ہیں کہ ان میں سے بعض کو یہاں رکھیں - محض اس سنٹمنٹ کے تحت کہ یہ باہر کے ہیں انہیں نکالدینا درست نہ ہوگا - یہ نیارو پراونشلیزم (Narrow Provincialism) ہے اور اسکو ہمیں نکالدینا چاہئے - بھرتی کرتے وقت ضرور اسبات کا خیال رکھا جاتا ہیکہ یہاں کے لوکل (Local) آدمیوں کو پریفرنس (Preference) دیجائے - لیکن محض اس خیال کے تحت کہ وہ یہاں کے آدمی ہیں ان کو رکھ لینا بھی درست نہیں ہوگا کیونکہ جب کسی ایک خاص جگہ کیلئے ہم تلاش کرتے ہیں تو اسوقت ہم کو معلوم ہوتا

ہے کہ ہم کو ایسے موزوں آدمی نہیں ملتے ۔ خود میرا بھی یہی خیال ہے ۔ یہ میں نہیں کہتا کہ میں جس جگہ پر بیٹھا ہوں وہ میرے لئے موزوں ہے ۔ ہم کسی اصول اور قانون کے تحت یہاں بیٹھے ہیں ۔

جیسا کہ آنریبل فنانس منسٹر نے فرمایا کہ ریپاٹریشن (Repatriation) کے تحت بہت بڑی کمی ہوجائیگی ۔ ہم کسی اور پراونس سے زیادہ نہیں ہیں ۔ مختلف پراونسس میں ۱۳ پرسنٹ سے لیکر مختلف پرسنٹیج ہے ۔ لیکن میری رائے میں پرسنٹیج کا سوال ہی غلط ہے ۔ جیسے کہ ایک معمولی فیملی میں ایک شخص جسکی تنخواہ ۱۰ روپیہ ہے وہ کھانے پر ۵۰ پرسنٹ خرچ کرتا ہے اور دوسرا شخص جسکی تنخواہ ۱۰۰ ہے وہ بھی کھانے پر ۵۰ - ۷۰ روپیہ ہی خرچ کرتا ہوگا بلکہ اس سے بھی کم کیونکہ اور کئی چیزیں کھانے کی جگہ لے لیتی ہیں ۔ اسلئے ہم کو یہ دیکھنا چاہئے کہ لا اینڈ آرڈر ایک اسنشیل (Essential) چیز ہے اور اسکو قائم رکھنے اور حکومت کے کاروبار چلانے کیلئے ہماری آمدنی میں اضافہ کس طرح ہوسکتا ہے ۔ اور دوسرے کریٹیو (Creative) اور کنسٹرکٹیو (Constructive) کاموں میں پیسہ کسطرح دیا جاسکتا ہے ۔ اوراسی طرح پولس کا بجٹ کسطرح بنایا جاسکتا ہے ۔

میں دوسرے واقعات پر نہیں جانا لیکن جیسا کہ ہمارے کمیونسٹ لیڈروں نے پہلے بھی اطمینان دلایا تھا واقعی اس کے حالات ہوں گے اور جیسا کہ انورینس لیڈر نے کہا ہے کہ

If this wise policy continues, everything will be alright

ہر چیز اس بات پر منحصر ہے ۔ اگر پولیس فورس زیادہ ہوتو میں خود اسکو کم کرونگا ۔ اور جب حالات بہتر ہوں تو پھر کوئی معنی نہیں کہ ہم پولیس کم نہ کریں ۔ اس طرح اخراجات میں بھی کمی ہوسکتی ہے ۔ میں رات میں یہاں کام کر کے جب گھر گیا تو دیکھا کہ ٹیبل پر وائرلس میسج (Wireless Message) تھا جسمیں لکھا تھا کہ فائرنگ ہوئی ۔ فلاں فلاں آدمی آئے تھے البتہ کوئی گھائل نہیں ہوا ۔ میرے پاس ایسی کئی اطلاعیں روزمرہ آتی رہتی ہیں ۔ جب کوئی پولیس کاجوان مرجاتا ہے تو کوئی کچھ نہیں کہتا لیکن جب کوئی اور شخص فائرنگ وغیرہ میں ہلاک ہوتا ہے تو پریس میں آتا ہے اور اسکا خوب چرچا کیا جاتا ہے ۔

جن کے پاس زیادہ آرمس ہیں کون کہتا ہے کہ تعاقب کریں اور ظلم کریں ؟ پولیس کیا کریگی ؟ وہ اپنا کام کریگی ۔ بعض لوگ یہ دعوی کرتے ہیں کہ کانسٹی ٹیوشنل میتھڈ (Constitutional Method) استعمال کیا گیا ۔ اگر یوں ہی ہے تو انکا کام ہے کہ ریفلس گورنمنٹ کو دے دیں ۔ یہ بات چونکہ یہاں آئی ہے اسلئے اس کا ذکر کرتا ہوں ۔ ان چیزوں کو اور ان خطرات کو ہمارے سامنے رکھتے ہوئے ہم سے اگر یہ مطالبہ کیا جائے کہ پولیس کم کردی جائے تو ایسے کسطرح قبول کیا جاسکتا ہے ؟ اگر ایسا کیا جائے تو گورنمنٹ کا اثر ختم ہو جائیگا ۔ یہ مطالبہ کیا گیا کہ کمیونسٹ پارٹی

پر سے پابندی اٹھالی جائے - ٹھیک ہے ہم نے اٹھالی - غیر مشروط طور پر اٹھالی حالانکہ کانسٹی ٹیوشن کی رو سے ہمیں حق تھا کہ شرط لگائیں - ہوا کیا کہ جو توقع ہم نے کی تھی دوسری طرف سے وہ توقع پوری نہیں ہوئی - اب بھی آرمس اپنے پاس رکھنے پر اصرار ہو رہا ہے - اسکے ساتھ ساتھ اس پر بھی اصرار ہے کہ پولیس کو ہٹایا جائے۔ دوسری طرف یہ عمل کہ جنگلوں میں جو لوگ رہتے ہیں ان سے کافی طور پر ناجائز فائدے اٹھائے جا رہے ہیں - بے اطمینانی کی حالت اب بھی باقی ہے - پروپیگنڈہ اب بھی جاری ہے - پولیس میں کمی کرنے کی انتہائی کوشش کی جاری ہے - ان تمام باتوں پر ایک ساتھ غور کیا جائے تو نتیجہ صاف طور پر نکالا جاسکتا ہے کہ اسکے پیچھے کوئی منصوبہ کام کر رہا ہے - جسکے تحت مقصود یہ ہے کہ گورنمنٹ کے پاورس کو ناکام کرنے کی کوشش کی جائے - ہم اس کا موقع نہیں دینا چاہتے - لیکن اگر اطمینان بخش حالات پیدا کئے جائیں تو یقیناً پولیس کے بجٹ میں زیادہ سے زیادہ کمی کی جاسکتی ہے پولیس کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے انکے میں نے جوابات دئے ہیں اور جو باقی رہگئے ہیں انکے جوابات بھی آئندہ دونگا - ہوسکتا ہے کہ جو کچھ کہا گیا ہو اس میں کچھ سچائی ہو لیکن یہ واقعات کب ہوئے ہیں اور کہاں ہوئے ہیں یہ میں نہیں جانتا - میں هاوس کو و سواس دلانا چاهتا ہوں کہ پولیس ڈپارٹمنٹ کے اڈمنسٹریشن میں جو خرابیاں ہیں وہ ورثہ میں چلی آرہی ہیں - لیکن میں اس پر غور کر رہا ہوں کہ ہم اڈمنسٹریٹیو مشنری (Administrative Machinery) کو کسطرح اچھی سے اچھی بناسکتے ہیں - میں آج ایک گھوڑے پر سوار ہوں - ممکن ہے میں اتر جاؤں اور کوئی دوسرا آ جائے - یہ اور بات ہے - لیکن میں جب تک ہوں یہ میری کوشش رهیگی کہ اس مشنری کو جہاں تک ممکن ہو سدھارا جائے - مگر ہمیں یہ یاد رکھنا چاهئے کہ انکو برا بھلا کہنے سے یہ سدھرنے والے نہیں ہیں - کمزوریوں کو ایک طریقے سے دور کرنا ہوگا - اور میں آنریبل ممبرس سے کہونگا کہ یہ کام اسطرح سے نہیں ہوسکتا کہ دس بیس واقعات کو جمع کرکے تقریروں میں کہتے پھریں - اسطرح الفاظ کی بوچھار کرنے سے کچھ فائدہ نہیں ہے - اگر واقعی اصلاح مطلوب ہے تو حقیقی واقعات کو تلاش کیجئے - انکو میرے سامنے لائیے - میں آپکا ساتھ دینے کےلئے تیار ہوں - میں ہرگز انکی تائید کرنے کےلئے تیار نہیں ہوں جو برائیوں میں مبتلا ہیں - میں ان هاتھوں کی حمایت کرنا نہیں چاهتا جو کرپٹ (Corrupt) ہیں - مگر یہ اوسی وقت ہوسکتا ہے جب شہادت دینے والے تیار ہوں - اگر اسطرح سے کیا جائے تو سرویس کے سارے ڈھانچے کو بدلا جاسکتا ہے - اور اوسی وقت یہ مشنری ڈیموکریسی (Democracy) کےلئے فٹ (Fit.) ہوگی - ایک نئی اسپرٹ (Spirit) سرویس کے لوگوں میں پیدا کرنا ہے - ایسے لوگ بھی ہیں جنہوں نے کافی کام کیا ہے - محنت اور دیانت سے فرائض انجام دئے ہیں - ہمیں یہ یاد رکھنا چاهئے کہ انکی امداد کے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکینگے - اسکےلئے نظریہ بدلنے کی ضرورت ہے - ایک بچہ جو جیو کھٹ پر گر گیا ہے اسکو ایک طماچہ ماریں تو ٹھیک نہیں ہوگا - اسی طرح عام طور پر کرپشن (Corruption) کی شکایت کرنا درست نہوگا - خاص پروسس (Process) کے ذریعہ تبدیلی ہوسکتی ہے -

جیل ڈپارٹمنٹ کے بارے میں بہت کچھ کہا گیا اور زیادہ زور اس پر دیا گیا ہے کہ سندھیوں کا تقرر کیا گیا ۔ ہاں ضرور کچھ سندھیوں کا تقرر کیا گیا ہے ۔ جیل ڈپارٹمنٹ میں گریٹیڈ خدمات پر کل ۲۶ آفیسرس ہیں جن میں سے ۱۵ ملکی ہیں اور ۱۱ نان ملکی۔ نان گریٹیڈ میں بھی زیادہ تعداد ملکیوں کی ہے اور سندھی بہت کم ہیں ۔ تشویش کی ضرورت نہیں ہے ۔ یہ ریفوجیز (Refugees) ہیں ۔ یہ وہاں بھی جیل ڈپارٹمنٹ میں ملازم تھے ۔ یہ وہاں جس رینک میں تھے اوسی رینک (Rank) میں انہیں یہاں بھی رکھا گیا ہے ۔ ایک دو کو ریپیٹریٹ (Repatriate) کرنے کا ذکر کیا گیا تھا ۔ لیکن بعد میں عمداً روک لیا گیا ہے ۔ یہ لازمی تھا ۔ کیونکہ ان سے دوسرے آفیسرس کو ٹریننگ دلانا مقصود تھا جس کے لئے ایک جگہ آس رکھا گیا ہے ۔ اس وجہ سے انکو روک لیا گیا ہے ۔ یہ مسئلہ زیادہ اہم نہیں ہے کہ سندھی کتنے ہیں اور دوسرے کتنے ہیں ۔ ایک صاحب نے جیل کے بارے میں کافی معلومات دئے ہیں ۔ ایک پوائینٹ (Point) خاص طور پر انہوں نے بہت اچھا بتایا کہ وہاں ہمیں لیبر مل سکتا ہے اسلئے اوسے انڈسٹریل ایریا (Industrial Area) بنانا چاہئے جس سے کافی کام ہوسکتا ہے اور ہماری انڈسٹری کو فائدہ پہنچے گا ۔ یہ سجیشن (Suggestion) یقیناً قابل عمل ہے ۔ جیل کے ڈائرکٹر پر بھی کچھ اعتراض کیا گیا ہے ۔ اب جو ڈائرکٹر ہیں میں انکے ریکارڈ سے واقف ہوں ۔ وہ سندھ کے علاوہ بمبئی میں بھی رہے ہیں ۔ سندھ چونکہ بمبئی کا ایک حصہ تھا اسلئے وہ وہاں بھی رہے ہیں ۔ انکو کوئی وظیفہ وہاں سے نہیں ملا ہے ۔ یہاں انکی سرویسس کنٹرا کٹ (Contract) پر لی گئی ہیں ۔ جیل ڈپارٹمنٹ میں گورنمنٹ کو ریفارمس (Reforms) کرنے ہیں ۔ انکو پورا کرنے کےلئے وہ کافی مدد کرینگے ۔ جیل کے حالات کو بہتر بنانے کا شاید انہیں احساس نہ ہو جو جیل نہیں گئے ہیں ۔ جیل جانے کی وجوہات دو ہوتی ہیں ایک پولیٹکل اور دوسری عام وجہ ۔ پولیٹکل حیثیت سے جو جیل میں جاتے ہیں انکے متعلق نظریہ اور ہوتا ہے ۔ عام طور پر جو جاہل لوگ جیل جاتے ہیں انکو جیل میں جنی چیزیں وہ چاہتے ہیں نہیں مل سکتیں ۔ لیکن پولیٹیکل پرزنرس کی حد تک ایسا نہیں ہوسکتا ۔ سنہ ۱۹۳۸ ع میں جب میں جیل میں تھا اوس وقت وہ چیزیں نہیں ملتی تھیں جو اب مل رہی ہیں ۔ جگہ جگہ ریڈیو لگے ہوئے ہیں ۔ ہر ۲ قیدیوں کےلئے ایک پیپر ملتا ہے ۔ پنچایتیں قائم کی گئی ہیں ۔ پنچایتوں کا انتظام انکے تفویض ہے ۔ کھانے پینے کا انتظام انکے تفویض ہے ۔ جیل میں بھی ڈیموکریسی (Democracy) پیدا کرنے کا انتظام کیا گیا ہے ۔ پہلے کے مقابلہ میں اب جیل کی حالت کیا ہے یہ دریافت کریں تو معلوم ہوگا ۔ اب جیل کےلئے وزیٹرس (Visitors) مقرر کئے گئے ہیں ۔ ایک دوست نے ابھی پوچھا کہ وزیٹرس کو کس اصول پر مقرر کیا جاتا ہے ۔ اس کا اصول یہ ہے کہ پبلک لائیف (Public life) میں جو لوگ حصہ لیتے ہیں ، جنکو ایسے کاموں سے دلچسپی ہے ، انکو مقرر کیا جاتا ہے تاکہ یہ لوگ جیلوں کا معائنہ کریں اور ان میں جو خرابیاں پائیں اسکو دور کرنے کے لئے حکومت کو متوجہ کرسکیں ۔ اسمبلی کے ممبرس بھی جیلوں کے وزیٹرس ہوسکتے ہیں ۔ اب تک

متعدد وزیٹرس نے جیلوں کا معائنہ کرکے ان کے متعلق جو رائے ظاہر کی ہے اسے دیکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ جیلوں کا انتظام پہلے کے مقابلہ میں اب بہتر ہے اور بہت ساری نئی چیزیں قائم کی گئی ہیں - عام طور پر یہ خیال ہے کہ ہم ترقی کی طرف جا رہے ہیں -

انڈسٹریل ایریا کے بارے میں میرا حال یہ ہے کہ ہم نے اسکو نگلکٹ (Neglect) کیا تھا اسکو ایک کامیاب انڈسٹریل ایریا بنانا ضروری ہے -

روڈ ٹرانسپورٹ کے بارے میں ایسا کہنا چاہتا ہوں کہ......

Shri V.D. Deshpande. What about the treatment of detenus in the Jails ?

شری دگمبر راؤ بندو- اس جانب بھی توجہ دیجا رہی ہے - وہ سہولتیں دیجا رہی ہیں جو عام طور پر انڈر ٹرائیل (Under trial) لوگوں کو دیجاتی ہیں -

موٹروھیکل ایکٹ گورنمنٹ آف حیدرآباد نے نافذ کیا ہے - اس ایکٹ کے تحت ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے- مال اور پیسنجرس لانے لیجانے والی گاڑیوں کا معائنہ اور راستوں کی نگرانی کا کام اسکے ذمہ ہے -

جیسا کہ ہمارے ایک دوست نے کہا حال ہی میں جو اسٹرائک ہوئی ہے اوسکے بعد موٹر ورکرس اور آفیسرس کی ایک جائینٹ میٹنگ (Joint Meeting) ہوئی ہے جس میں سمجھوتہ کرکے بعض تجویزیں گورنمنٹ کے سامنے رکھنا طے کیا گیا ہے - میرے پاس وہ رپورٹ ابھی نہیں آئی ہے - ٹرانسپورٹ کے متعلق جو فیصلہ ہوا گورنمنٹ بھی اوسکو منظور کر رہی ہے - ایسی صورت میں میں نہیں سمجھتا کہ اس سے بڑھکر مجھے آپکے سامنے کیا خبر رکھنے کی ضرورت ہے - پولیس بجٹ کے سلسلہ میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ کی طرف سے جو کوشش ہو رہی ہیں وہ یہ ہیں کہ پولیس سرویس کو زیادہ سے زیادہ بہتر باقاعدہ بنایا جائے اور اس میں زیادہ سے زیادہ ڈسپلن پیدا کیا جائے - اس کے لئے ہمارے سامنے کئی اسکیمیں ہیں - جیسی کہ کانسٹبلوں کے لئے مدرسہ کا قیام - پہلے کانسٹبلوں کی ٹریننگ کے لئے کوئی مدرسہ نہیں تھا - اب حیدرآباد میں ان کی ٹریننگ کے لئے ایک مدرسہ قائم کیا جا رہا ہے - ممکن ہے کہ دوسرے ڈسٹرکٹس میں بھی ایسے مدرسے قائم کئے جائیں - ان کا منشاء یہ ہے کہ ان کو لٹریسی (Literacy) اور تربیت حاصل ہو اور ان میں ڈسپلن زیادہ پیدا ہو - وہ یہ جانیں کہ اون کے فرائض کیا ہونے چاہئیں - یہ ٹریننگ ۶ - ۸ مہینوں کی ہوگی - پولیس میں زیادہ سے زیادہ ڈسپلن (Discipline) پیدا کرنے اور اسکو زیادہ افیشنٹ (Efficient) بنانے کے لئے گورنمنٹ کوشش کر رہی ہے - اس سلسلہ میں نئے پولیس اسٹیشنس قائم کئے گئے ہیں - یہ پولیس اسٹیشنس جہاں پر قائم کئے گئے ہیں وہاں جو پرانے اور نئے اسٹیشنس موجود ہیں ان کی تعداد یہ ہے -

ورنگل نارتھ اینڈ ساؤتھ	٥٦
نلگنڈہ	٤٣
کریم نگر	٣٨
محبوب نگر	٣٢
میدک	٣٠

ھمارے پڑوس میں مدراس اسٹیٹ کے جو اضلاع ھیں اور اون میں جو پولیس اسٹیشنس ھیں اون کے فیگرس دیکھنے سے پتہ چلیگا کہ گنٹور ڈسٹرکٹ میں ٦٥ پولیس اسٹیشنس ھیں - لیکن اوسکے مقابلہ میں ھمارے پاس ورنگل نارتھ اینڈ ساؤتھ کے لئے صرف ٥٦ پولیس اسٹیشنس ھیں - اسی طرح کرسنا ڈسٹرکٹ میں جو ورنگل کے قریب ھی ھے ٥٠ پولیس اسٹیشنس ھیں - تو میں کہتا ھوں کہ ھم نے جو تعداد مقرر کی ھے وہ نا واجبی نہیں ھے - یہ پولیس اسٹیشنس پاپولیشن (Population) اور انتظامی اعراض کے مد نظر قائم کئے گئے ھیں - میں اس سے بڑھکر آپ کا سمے ( ) لینا نہیں چاھتا - آخر میں میں یہ اپیل کرونگا کہ جو کٹ موشنس پیش کئے گئے ھیں وہ آنریبل ممبرس واپس لے لیں تو مناسب ھوگا -

DEMAND No. 6—CHARGES ON ACCOUNT OF MOTER VEHICLES ACTS.

Shri V.D. Deshpande . I beg leave of the House to withdraw my cut motion to Demand No. 6.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

DEMAND No. 19—HOME DEPARTMENT

Shri Deshpande : Mr. Speaker, Sir, I want my cut motion to be put to vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the demand under the head 'Home Department' be reduced by by Re. 1".

The motion was negatived.

DEMAND No. 41—JAILS AND CONVICT SETTLEMENTS

شری کے - وی - نارائن ریڈی - آنریبل ھوم منسٹر نے جو سجیشن پیش کیا ھے اوسے تسلیم کرتے ھوئے مجھے مسرت ھوتی ھے - لھذا ایسی صورت میں اپنے کٹ موشن کو میں وتھ ڈرا (Withdraw) کرتا ھوں -

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Shri K V Narayana Reddy I beg leave of the House to withdraw my cut motion to Demand No 41.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Shri V. D. Deshpande Mr. Speaker, Sir, I want my cut motion to be put to vote.

Mr. Speaker The question is ·

" That the demand under the Head ' Jails and Convict Settelements ' be reduced by Re 1 "

The motion was negatived.

Shri K. Ramachandra Reddy Mr. Speaker, Sir, I want my cut motion to be put to vote.

Mr Speaker The question is ·

" That the demand under the Head ' Jails and Convict Settlements' be reduced by Re 1 "

The motion was negatived.

Shri K V. Narayan Reddy · Mr Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Shri A. Guruva Reddy Mr Speaker, I want my cut motion to be put to vote

Mr. Speaker : The question is :

" That the demand under the Head ' Jails and Convict Settlements ' be reduced by Re 1 "

The motion was negatived.

DEMAND NO. 42—POLICE

Shri Viswanatha Rao . Mr. Speaker, Sir, I want my cut-motion to be put to vote.

Mr. Speaker : The question is :

" That the demand under the head ' Police ' be reduced by Rs 84,52,000.

The motion was negatived.

Shri V. D. Deshpande : I demand a Division.

The House divided.

Ayes—57. Noes—83.

The motion was negatived

Shri V D Deshpande Mr Speaker, Sir, I want my cut motion to be put to vote.

Mr Speaker . The question is :

"That the demand under the head 'Police' be reduced by Rs 75,00,000.

The motion was negatived.

Shri Viswanath Rao : I demand a Divison.

The House divided.

Ayes—57 Noes—83.

The motion was negatived.

Shri A. Guruva Reddy . Mr. Speaker, Sir, I want my cut motion to be put to vote.

Mr. Speaker . The question is :

"That the demand under the head 'Police' be reduced by Re 1".

The motion was negatived.

Shri K Ramachandra Reddy : Mr Speaker, Sir, I want my cut motion to be put to vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the demand under the head 'Police' be reduced by Re. 1".

The motion was negatived.

Shri B Krishnaiah : Mr. Speaker, Sir, I want my cut motion to be put to vote.

Mr. Speaker : The question is .

"That the demand under the head 'Police' be reduced by Re. 1".

The motion was negatived.

(Shri K. L. Narasimharao was found not present in the House).

Mr. Speaker : The question is :

"That the demand under the head 'Police' be reduced by Re. 1".

The motion was negatived.

Shri B D. Deshmukh . Mr. Speaker, Sir, I want my cut motion to be put to vote

Mr Speaker : The question is ·

"That the demand under the head 'Police' be reduced by Re. 1".

The motion was negatived

(Shri Kankanti Srinivas Rao was found not present in the House)

Mr. Speaker The question is :

"That the demand under the head 'Police' be reduced by Re. 1."

The motion was negatived

DEMAND NO. 95—CAPITAL OUTLAY ON ROAD TRANSPORT SCHEMES.

Shri V. D. Deshpande . Mr. Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn

Mr. Speaker : Now, I shall take up the demands one by one.

DEMAND NO. 6—CHARGES ON MOTOR VEHICLES ACT.

The question is :

"That a sum not exceeding Rs, 12,00,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 6".

The motion was adopted

11

DEMAND NO. 19—HOME DEPARTMENT.

Mr. Speaker : The question is :

"That a sum not exceeding Rs 2,79,400 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 19 "

The motion was adopted

DEMAND NO 42—JAILS AND CONVICT SETTLEMENT

Mr. Speaker The questoin is

" That a sum not exceeding Rs 27,51,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 41 "

The motion was adopted

DEMAND NO. 12—POLICE

Mr. Speaker The question is

" That a sum not exceeding Rs. 2,66,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of demand No 42"

The motion was adopted

DEMAND NO 83—EVACUEE DEPARTMENT

Mr. Speaker . The question is

" That a sum not exceeding Rs 1,31,850 be granted to the Rajpramukh to defry the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 83 "

The motion was adopted.

NO. 95—CAPITAL OUTLAY ON ROAD TRANSPORT SCHEME.

Mr. Speaker : The question is :

" That a sum not exceeding Rs. 37,50,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 95 ".

The motion was adopted

The House then adjourned till Nine of the Clock on Monday, the 23rd June 1952.